91356 ـ موبائل میں تصاویر محفوظ کرنا

سوال

میں نے یادگیری تصاویر کے حکم کے بارہ میں آپ کا جواب پڑھا ہے، اور اس کے بعد جو تصاویر بھی میرے پاس تھیں انہیں جلا دیا لیکن میری کچھ تصاویر میری بہنوں اور پھوپھیوں کے پاس ہیں میں ان کا کیا کروں ؟
اور اگر وہ مجھے تصاویر دینے سے انکار کر دیں تو مجھے کیا کرنا چاہیے ؟
اور موبائل میں تصاویر محفوظ کرنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اول:

یاد گیری کے لیے ذی روح کی تصاویر محفوظ رکھنا جائز نہیں اس کی تفصیل سوال نمبر (10668) کے جواب میں بیان ہو چکی ہے آپ اس کا مطالعہ کریں.

ان تصاویر کا آپ کی بہنوں اور پھوپھیوں کے پاس ہونے میں آپ پر کوئی گناہ نہیں، لیکن آپ کے لیے ضروری ہے کہ آپ انہیں اس کے متعلق شرعی حکم بتا دیں، اور انہیں ان تصاویر سے چھٹکارا حاصل کرنے کی نصیحت کریں، اور جو تصاویر آپ کی ہیں وہ ان سے مانگیں اور اگر وہ دینے سے انکار کر دیں تو آپ کے پر کچھ نہیں.

دوم:

جو تصاویر موبائل اور کمپیوٹر یا پھر ویڈیو کی تصاویر ہیں وہ فوٹو گرافی کے حکم میں نہیں آتیں، کیونکہ وہ ثابت نہیں اور نہ ہی باقی رہتی ہیں، لیکن جب انہیں نکال کر پرنٹ کیا جائے تو پھر نہیں اس بنا پر موبائل میں محفوظ کرنے میں کوئی حرج نہیں، جب تك کہ وہ کسی حرام چیز پر مشتمل ن ہیں، مثلا عورتوں کی تصاویر.

مزید آپ سوال نمبر (10326) کے جواب کا مطالعہ بھی کریں.

واللہ اعلم .